Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۰ صفر سنہ ۱۳۵۲ھ مطابق ۳ جون سنہ ۱۹۳۳ء جلد [illegible]

حصہ دیگر

احکام منسٹر صاحبان سکریٹریان بہادر

(۱)	احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲	(۶)	فہرست مقدمات عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۷ تا ۹
(۲)	احکام اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر	۳	(۷)	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۱۰ تا ۱۱
(۳)	احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۴	(۸)	نقشہ نرخنامہ اجناس۔	۱۲
(۴)	احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر	۴ و ۵			
(۵)	احکام اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر	۶			

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

حکم۔ واقع ۱۰ / مئی ۱۹۳۴ء

حسب صراحت تحریر صاحب ہوم منسٹر بہادر اجازت دیجاتی ہے کہ قواعدات متبرعہ کارروائی صاحب موصوف کی خدمت میں مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر۔

بخدمت شریف جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

جناب من

صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کی تحریر ہے کہ اعلیحضرت بندگانحضور پرنور دام اقبالہم وملکہم کی مراجعت تک اے ڈی سی صاحبان خالی رہتے ہیں۔ اس درمیان میں کارخانجات کے کام میں انکو لگا دیا جائے تاکہ کام سے انکو واقفیت ہو جائے۔ نیازمند کو اس تجویز سے اتفاق ہے۔ لہذا حسب ذیل تجویز کیگئی ہے۔

(۱) کپتان صاحبزادہ سید یوسف جمال خانصاحب بہادر۔ فیلخانہ۔ اصطبل کے کام کی نگرانی کریں۔

(۲) کپتان احمد رضا خانصاحب۔ بحیثیت انچارج اسسٹنٹ کنٹرولر کام کر رہے ہیں۔

(۳) کپتان آغا خانصاحب۔ رخصت سے واپس آکر۔ میسانک لاج وصفائی قلعہ معلی کے کام کی نگرانی کریں۔

(۴) لفٹنٹ صاحبزادہ سید رشید الظفر خانصاحب سیلون و اسپورٹس کے کام کی نگرانی کریں۔

مذکورہ بالا صیغہ جات میں جو منتظمان و افسران کارخانجات اپنی اپنی جگہ پر کام کر رہے ہیں بدستور اپنا کام انجام دینگے۔

ان اے ڈی سی صاحبان کی حیثیت کارخانجات متذکرہ بالا میں انسپکشن افیسر کی رہیگی۔ اور وقتاً فوقتاً کارخانجات کا معائنہ کر کے صاحب ملٹری سکریٹری بہادر کی خدمت میں رپورٹ داخل کیا کرینگے۔ عام صفائی و جنرل انتظامی حالت کے علاوہ حساب و کتاب کا معائنہ بھی بطور انسپکشن افیسران کرنیکے مجاز ہونگے۔ لیکن براہ راست کارخانجات کو کوئی حکم جاری نہیں کرینگے۔ صرف رپورٹ پیش کرتے رہینگے۔ جو امور قابل توجہ ہونگے صاحب ملٹری سکریٹری بہادر اور نیازمند انپر عملی کارروائی کرینگے۔ براہ مہربانی اسکی اجازت ضابطہ صادر فرمائی جائے۔ ۱۹ / مئی ۱۹۳۴ء

نیازمند

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۲۲ / مئی ۱۹۳۴ء

(دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر)

روبکار۔ واقع ۲۴ / مئی ۱۹۳۴ء

سروس سلکشن بورڈ نے حامد حسین خاں امیدوار باشندہ رامپور کو کسی جگہ مقرر کئے جانے کی سفارش کی ہے۔ لہذا صیغہ فوج یا سول وغیرہ میں کوئی جگہ کلرکی کی خالی ہو تو نامبردہ کا خیال کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم

۱۔ تاریخ ۳۰ مئی ۱۹۳۴ء

شعبۂ تحریر گارڈین صاحب بہادر عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم دربارۂ منظوری رخصت عارضی ۶۰ یوم مولوی سید ذوالفقار حسین صاحب استاد عالیجناب نواب ولیعہد بہادر دام اقبالہم بشمول رخصت محصلہ اتفاقیہ ۱۰ یوم۔

حکم

مولوی سید ذوالفقار حسین صاحب دس یوم کی رخصت اتفاقیہ ۱۰ مئی ۱۹۳۴ء سے حاصل کر چکے ہیں۔ ان کے والد کا انتقال ہو گیا۔ اب ۶۰ یوم کی ۵ جون ۱۹۳۴ء تک مزید رخصت کے خواستگار ہیں۔ رخصت اتفاقیہ کا انہیں حق نہیں رہا۔ البتہ رخصت رعایتی جس کا حق حاصل ہے منظور کی جاتی ہے۔ لیکن رخصت اتفاقیہ اور رخصت رعایتی دونوں جمع نہیں ہو سکتیں۔

یہ پوری رخصت من ابتدائے ۱۰ مئی لغایتہ ۵ جون ۱۹۳۴ء ۲۰ یوم رخصت رعایتی شمار ہوگی۔

ایام رخصت میں گارڈین صاحب بہادر ان کے کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

حکم اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

۲۹ مئی ۱۹۳۴ء

شعبۂ یادداشت صاحب سول جج دربارۂ منظوری رخصت مزید ایکماہ مطلوبہ سید محمد نبی نقل نویس بسلسلۂ رخصت سابقہ بعوض موجودہ سید ابن علی نبیرہ نامبردہ از یکم جون ۱۹۳۴ء بوجہ علالت زوجہ نقل نویس مذکور۔

حکم

مزید رخصت ایکماہ بعوض موجودہ حسب سفارش صاحب سول جج سید محمد نبی نقل نویس کی منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر)

احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

تقرر

۲۰ مئی ۱۹۳۴ء

نقل یادداشت سپرنٹنڈنٹ صاحب آبکاری بابت تقرر اشخاص مندرجہ تحت از یکم مئی ۱۹۳۴ء بصیغہ ویونگ اسکول حسب منظوری بجٹ سالانہ برائے سال ۳۴-۳۵ء

حکم

رپورٹ منظور ہے۔ احکام جاری ہوں۔ کونسل نے منظوری بمراد الاکی دیدی ہے۔

دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر

نمبر	عہدہ	نام ملازم	تعداد مشاہرہ	
(۱)	ویونگ ماسٹر	حبیب اللہ	۱۲ ماہوار	اس کام کا جاننے والا تھا
(۲)	مستری	نبی سنگھ	۲ روپیہ	محض تربیت کیلئے امرتسر سے لایا گیا ہے۔
(۳)	چپراسی	عبدالوحید	۵ ماہوار	تخفیف شدہ ملازم ہے
(۴)	سقہ	حسین	۴ر	"
(۵)	خاکروب	چندن	۴ر	"

[illegible] ماہانہ ۸ روپیہ

تقرر

۲۰ مئی ۱۹۳۴ء

تحصیل ملک میں سردار بہادر ریڈر ازخس تھا۔ آٹھ روپیہ ماہوار تنخواہ پاتا تھا۔ جو ابھی تھوڑا عرصہ ہوا کہ علاقہ خاص تحصیل میں ۱۲ ماہوار کا ضلعدار مقرر ہوا ہے۔ اسکی جگہ منتہر اسنگھ ولد رام سنگھ پدہان ساکن موضع لاڑپور تحصیل ملک بشاہرہ آٹھ روپیہ پیدا ازخس تحصیل ملک مقرر کیا جاتا ہے تاریخ کارکردگی سے تنخواہ ملیگی۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ سکشن بورڈ کو اتفاق رائے کیلئے جداگانہ تحریر بھیجدی گئی ہے۔

(دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

احکام اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

نتیجہ امتحان

واقع ۲۴ مئی ۱۹۳۷ء

نقل نتیجہ امتحان برائے اندراج گزٹ مطبع کو مرسل ہو۔

دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رپورٹ مدرسہ عالیہ ریاست رامپور مورخہ ۱۶ ماہ مئی ۱۹۳۷ء

باجلاس عالیجناب صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر گزارش ہے کہ نتیجہ امتحان سالانہ عربی و فارسی شاخ الہ آباد یونیورسٹی مفصل کیفیت پرنسپل پروفیسر صاحب و عربی پروفیسر صاحب نے پیش کی ہے بغرض اطلاع حاضر اجلاس کیجاتی ہے اور اس موقع پر مدرسہ عالیہ کے بعض موجودہ مدرسین نے بطور خود جو ترقی کی ہے وہ بھی بغرض ملاحظہ سامی عرض کیجاتی ہے مولوی محمد عبد السلام خاں رامپوری جو کہ فی الحال درجہ ششم درس نظامی کے مدرس ہیں انہوں نے بعد فراغ درس نظامی کے یونیورسٹی الہ آباد و یونیورسٹی پنجاب کے امتحانات ذیل اپنی ذاتی محنت سے پاس کئے ہیں۔

(۱) درس نظامی مدرسہ عالیہ
(۲) عالم الہ آباد
(۳) فاضل ادب الہ آباد۔
(۴) مولوی فاضل پنجاب یونیورسٹی
(۵) منشی فاضل پنجاب یونیورسٹی
(۶) میٹرک۔

ماسٹر سید محمود حسن جونپوری جو کہ انگریزی میں ایف اے پاس ہیں اور مدرسہ عالیہ میں درس دینیات شیعہ میں درجہ فاضل الہ آباد یونیورسٹی کی تعلیم انگریزی بھی انکے متعلق ہے [illegible] سال گذشتہ درجہ منشی اور امسال کامل میں امتحان دیکر کامیابی حاصل کی ہے (۱) مع [illegible] اول الذکر مولوی عبد السلام خاں کی تنخواہ صرف [illegible] ہے اور ثانی الذکر ماسٹر سید محمود حسن کی تنخواہ [illegible] ہے یہ ہر دو صاحبان خاص توجہ اور قدر دانی کے مستحق ہیں۔

دستخط پرنسپل صاحب مدرسہ عالیہ

جناب عالی

گزارش ہے کہ نتیجہ امتحان عربی و فارسی شاخ الہ آباد یونیورسٹی درج گزٹ الہ آباد ہو گیا ہے۔ مدرسہ عالیہ ریاست رامپور سے ۳۱ امیدوار شریک امتحان ہوئے ہیں۔ ۹ طالبعلم عربی درجات سے اور ۲۲ طالبعلم فارسی درجات سے۔ عربی درجات سے ۳ اور فارسی درجات سے ۸ پاس ہیں مجموعی نتیجہ یہ ہے کہ ۳۱ میں ۱۱ پاس اور ۲۰ فیل ہوئے۔ نتیجہ کی تفصیل حسب ذیل میں درج ہے۔ امیدوار ہوں کہ اس سالانہ نتیجہ کو درج گزٹ رامپور ہونیکا حکم صادر فرمایا جاوے۔ فقط

درجہ کامل الہ آباد

(۱) محمود حسن — پاس
(۲) لبیب الرحیم — پاس
(۳) اوحد علیخاں — پاس

۶ طالبعلم — فیل

درجہ منشی الہ آباد

(۱) رشید احمد خاں — پاس
(۲) مجید الظفر — پاس
(۳) مشتاق علیخاں — پاس
(۴) مرزا کاظم بیگ — پاس
(۵) [illegible] حسین — پاس
۱۷ طالبعلم — فیل

درجہ مولوی

(۱) ابوالخیر پاس

(۲) تفضل حسین پاس

× × ×

درجہ عالم عربی

(۱) سید مرتضیٰ علی پاس

۵ طالبعلم فیل

درجہ فاضل

(۱) ایک شریک فیل

(۳) امیدوار شریک ۱۱ پاس ۲۰ فیل

سید محمود افسر تعلیم خود — محمد تقی پرنسپل پروفیسر

۲۰ مئی ۱۹۳۴ء — ۲۱ مئی ۱۹۳۴ء

تقرر

واقعہ ۲۸ مئی ۱۹۳۴ء

مثبتہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس دربارہ صدور حکم منظوری تقرر امتحانا براے چند ماہ از ۹ جون ۱۹۳۴ء بمشاہرہ پندرہ روپیہ عہدہ انگلش ٹیچری مدرسہ تحصیلی خاص آباد۔ مرتضیٰ حسن امیدوار باشندہ رامپور۔ ہائی اسکول اگزامنیشن فیل۔

حکم

بموجب رپورٹ۔ تقرر منظور ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر

رخصت

واقعہ ۲۸ مئی ۱۹۳۴ء

جن ملازمان کو تعطیلات کلاں ملتی ہیں۔ بروئے قواعد ان کی رخصت، عائتی نصف تنخواہ پر دیے جانے کا قاعدہ ہے۔ چونکہ ماسٹر سید محمود حسن انگلش ٹیچر مدرسہ عالیہ کو تعطیلات کلاں ملتی ہیں۔ لہذا ان کی رخصت عائتی محصلہ ۵ یوم از ۱۹ مئی تا ۲۴ جون ۱۹۳۴ء بوضع نصف تنخواہ شمار ہوگی۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب پولیٹکل منسٹر بہادر)

حکم اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

واقعہ ۲۹ مئی ۱۹۳۴ء

بملاحظہ رپورٹ کپتان احمد رضا خاں صاحب اسسٹنٹ کنٹرولر دریافت ہوا کہ بینظیر باغ کی صفائی کی حالت اچھی نہیں رہتی۔ اسپر ہیڈ منصرم محمد نبی ہیڈ گنگ۔ اور امجد ابدار۔ کو طلب کرکے معلوم کیا گیا۔ نامبردگان نے آئندہ کیلیے تو صفائی اچھی رکھنے کا اقرار کیا ہے۔ لیکن گذشتہ کے لئے وہ اطمینان بخش جواب نہیں پیش کرسکے۔ ملازمان مذکور کی اپنے فرائض سے لاپروائی تحت اعتراض کے قابل ہے۔ لہذا ہیڈ منصرم کو آئندہ فہمائش کیجاتی ہے کہ آئندہ کام ٹھیک رکھیں اور شکایت کا موقع نہ دیں۔ محمد نبی ہیڈ گنگ پر ایک روپیہ جرمانہ کیا جاتا ہے۔ امجد علی آبدار کا کنٹرولر صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ منسٹری کی معرفت سے قلعہ معلیٰ یا کسی دوسری جگہ تبادلہ کردیں۔ اور بینظیر باغ میں ہیڈ منصرم کی ذمہ داری پر آبدار کی تعیناتی فرمائیں۔ (حکم ہوا کہ)

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائی کورٹ ریاست رامپور

باجلاس مسٹر معظم علی خاں صاحب بہادر چیف جسٹس

فہرست پیشی مقدمات جنکی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں من ابتدائی ۲۵ لغایت ۳۰ مئی ۱۹۳۳ء ہوئی منسلکہ برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو ۔ ۳۰ مئی ۱۹۳۳ء دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۲۵ مئی ۳۳ء	جمعہ	۔	۔	۔	تعطیل
۲۶ مئی ۳۳ء	شنبہ	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس، مسٹر جسٹس گنند کشور صاحب بہادر	موتی رای بنام ہیرالال وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی تکمیل بیعنامہ	اپیل منظور ہوا
”	”	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	کنہی لال وغیرہ بنام [illegible]	نگرانی دیوانی بابت [illegible] دفعہ ۱۴۴ ت	برائے سماعت ۶ جون سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس، مسٹر جسٹس گنند کشور صاحب بہادر	خدیجہ بیگم بنام سعادت نبی خاں وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی تقسیم حصہ فرائیضی	زیر تجویز
”	”	مسٹر جسٹس گنند کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام [illegible] خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم زیر دفعہ ۳۶۶ و ۳۶۳ و ۴۵۱ ت	بقیہ ثبوت پیش کرنیکے واسطے ۲۷ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	ایضاً	سرکار بہادر بنام عجب نور خاں	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۹۵ ت	بغیر حاضری نیاز حسین گواہ مقدمہ ملتوی کیا گیا
”	”	مسٹر جسٹس عبد العزیز انصاری صاحب بہادر	سعادت النساء بنام محمد [illegible]	ابتدائی دیوانی دعوی [illegible] داخلی	مسٹر جسٹس عبد العزیز خاں صاحب [illegible] ۳ جون سنہ حال برائے سماعت مقرر ہوئی
۲۸ مئی ۳۳ء	یکشنبہ	مسٹر جسٹس گنند کشور صاحب بہادر	چھوٹے لال بنام [illegible] لال	اپیل دیوانی دعوی زر نقد	زیر تجویز
”	”	”	سرکار بہادر بنام [illegible] خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم زیر دفعہ [illegible] ت	بقیہ ثبوت پیش کرنے کیواسطے ۲۹ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
”	”	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	نور احمد خاں بنام ڈاکٹر احمد علی خاں	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۰۴ ت	زیر تجویز

تاریخ	روز	جج	فریقین	نوعیت	تجویز
[illegible] مئی	یکشنبہ	مسٹر مظفر علی انصاری صاحب چیف جسٹس	سماۃ منی بنام ہری شنکر	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۵۰۶ ت	زیر تجویز
۲۹ مئی	دوشنبہ	مسٹر جسٹس دیگمبر کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام ستار خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۶/۳۴ و ۳۷۶/۵۱۱ ت	برائے قلمبندی بیان ڈاکٹر و بیان ملزم ۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	ہوری لال بنام سرکار بہادر	ابتدائی دیوانی دعوی استقرار حق	برائے داخل بیان تحریری ۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	کنیز بیگم بنام محمد رضا خاں وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی تقسیم ترکہ	برائے سماعت ۹ جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر مظفر علی انصاری صاحب چیف جسٹس، مسٹر جسٹس دیگمبر کشور صاحب بہادر	بابو رام وغیرہ بنام بنارسی داس	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	برائے سماعت ۳۱ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
۳۰ مئی	سہ شنبہ	"	حبیب اللہ بنام شریف احمد	اپیل دیوانی دعوی ۱۲	برائے سماعت ۱۰ جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس عبدالعزیز انصاری صاحب بہادر	سوہن لال وغیرہ بنام ہوری لال وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی استقرار حق	شہادت مدعیان پیش کرنے کے واسطے ۱۶ جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس دیگمبر کشور صاحب بہادر	سرکار بہادر بنام ستار خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۶/۳۴ و ۳۷۶/۵۱۱ ت	صفائی پیش کرنے کے واسطے ۳۱ مئی سنہ حال مقرر ہوئی
۳۱ مئی	چہارشنبہ	"	سرکار بہادر بنام ستار خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم دفعہ ۳۶۶/۳۴ و ۳۷۶/۵۱۱ ت	صفائی پیش کرنے کے واسطے [illegible] سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	سماۃ فہیمی بیگم بنام ظہور حسین وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی [illegible] بابت فسخ نکاح	ثبوت پیش کرنے کے واسطے ۱۰ جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر مظفر علی انصاری صاحب چیف جسٹس	جوالا پرشاد بنام منی لال	نگرانی فوجداری جرم دفعہ [illegible] ت	برائے سماعت ۱۱ جون سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	بابو رام بنام منی لال	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳/۵۰۶ ت	برائے سماعت ۱۱ جون سنہ حال مقرر ہوئی
۱ جون	پنجشنبہ	"	چندا بنام رام کشن	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	بوجہ عدم ادائی [illegible] اپیل خارج کیا گیا

۳ مئی	پنجشنبہ	مسٹر مظفر علیخاں صاحب چیف جسٹس و مسٹر جسٹس اگنسند کشور صاحب بہادر	بابو رام بنام بنارسی کو ...	اپیل دیوانی دعوی ...	زیر تجویز
״	״	مسٹر جسٹس اگنسند کشور صاحب بہادر	سرکار بنام منا خاں وغیرہ	ابتدائی سیشن جرم ۳۰۲ ... ۵۱۱ ت	زیر تجویز
״	״	ایضاً	چھوٹے لال بنام منی لال	اپیل دیوانی دعوی حصہ زر قرضہ	اپیل ہذا و کراس آبجکشن دونوں نامنظور ہوئے
״	״	مسٹر مظفر علیخاں صاحب چیف جسٹس	مسماۃ منی بنام ہری شنکر	نگرانی فوجداری جرم ۵۰۶ ت	نگرانی نامنظور ہوئی
״	״	مسٹر جسٹس اگنسند کشور صاحب بہادر	جوالا پرشاد بنام محمد علیخاں	اپیل مالی دعوی بقایا لگان تعدادی ...	اپیل ہذا عدالت ماتحت کو بغرض تکمیل امور بصراحت تجویز واپس کیا گیا۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر مورخہ ۳ مئی ۱۹۳۳ء

احکام اجلاس صاحب کمشنر ولیہا باؤس سپولڈ

رخصت

واقعہ ۶ مئی ۱۹۳۲ء

عبد الحکیم خاں سپنڈ ڈرائیور موٹر گراج تنخواہ دار پچیس روپیہ یکم جون سے پندرہ یوم کی رخصت چاہتا ہے۔ خاں صاحب سے استحقاق رخصت کی تصدیق کی گئی ہے صاحب سپرنٹنڈنٹ گراج نے منظوری رخصت کی سفارش کرتے ہوئے تحریر کیا ہے۔ کہ پندرہ یوم بقیہ عملہ سے کام چلا لیا جائے گا۔ اور کوئی حرج نہ ہوگا۔ لہذا رخصت مطلوبہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب کمشنر ولیہادر باؤس سپولڈ

رخصت

واقعہ ۲۱ مئی ۱۹۳۲ء

مثل عرضی مشتاق علی خاں داروغہ باغات شاہ آباد مشاہرہ دار ... بابت عطائے رخصت رعایتی ایکماہ از یکم جون ۱۹۳۲ء لغایۃ آخر جون ۱۹۳۲ء بذمہ داری منشی ممتاز حسین خاں اہلمد سر رشتہ باغات معہ رپورٹ منشی روپ کشور اہلمد سر رشتہ باغات بابت استحقاق رخصت۔

حکم

مشتاق علی خاں داروغہ باغ رخصت ایکماہ رعایتی بذمہ داری ممتاز حسین خاں اہلمد سر رشتہ من ابتدائی یکم جون ۱۹۳۲ء منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب کمشنر ولیہادر باؤس سپولڈ

رخصت

واقعہ ۱۰ مئی ۱۹۳۲ء

مثل درخواست و نقشہ رخصت رعایتی پندرہ یوم

سید مصطفیٰ شاہ اہلمد اجلاس صاحب کمشنر ولیہادر ... از ... لغایۃ ... جون ۱۹۳۲ء بغرض درستی مکان و دیگر کاروائے خانہ داری بذمہ داری دیگر اہلکار اجلاس مذکور۔

حکم

استحقاق رخصت حاصل ہے۔ لہذا رخصت رعایتی پندرہ یوم منظور ہے۔ ضابطہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب کمشنر ولیہادر باؤس سپولڈ

حکم اجلاس سپرنٹنڈنٹ صاحب بہادر جیل

رخصت

مثل رپورٹ کپتان جیلر صاحب زنداں درباره منظوری رخصت رعایتی پندرہ یوم مرزا رشید حسن بیگ محرر جوڈیشل دفتر جیل مشاہرہ دار ... روپیہ معہ تصدیق دفتر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل از یوم استعفا و بغرض تعمیر مکان ... بذمہ داری عابد علی انگلش کلرک دفتر جیل۔

حکم

حسب سفارش کپتان جیلر صاحب زنداں مرزا رشید حسن بیگ محرر جوڈیشل کی رخصت رعایتی پندرہ یوم بذمہ داری عابد علی انگلش کلرک منظور کی جاتی ہے کاغذات [illegible] بغرض اجراء احکام جناب ڈپٹی سکریٹری صاحب حضور کی خدمت میں مرسل ہوں۔ ۲۴ مئی ۱۹۳۲ء

دستخط صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر جیل

حکم افسر صاحب جنگلات ریاست رامپور

اعلان

۳۰ مئی ۱۹۳۳ء

اکثر مقامات کی تحقیقات سے ظاہر ہوا ہے کہ پٹواریان گرداونا تحصیل اس وجہ سے کہ محکمہ جنگلات قائم ہو گیا ہے اپنے آپ کو اپنے حلقہ میں حفاظت درختان سے بری قرار دیتے ہیں اون کو معلوم ہو کہ اشد ضرورت ہے کہ وہ حفاظت کے لحاظ سے اوسی قدر ذمہ دار ہیں کہ جتنا پیشتر تھے۔

اگر کوئی ناجائز حرکت سرزد ہوتی دیکھیں تو فوراً اوسکو ضابطہ عمل میں لانا اون کا فرض ہے۔ اگر مشتری یا کاشتکار اجازت نامہ مجریہ دفتر جنگلات پیش کرے تو جائز سمجھا جائے۔ لیکن اگر وہ بلا اجازت درخت قطع کرے تو دخل انداز ہو سکتے ہیں اور باضابطہ فوراً رپورٹ کرنی لازم ہے

۱ ۔ محکمہ جنگل سے جن درختوں کا نیلام کیا جاتا ہے اون کے تخمینہ جات تیار ہوتے ہیں ان درختوں کی جڑ پر ٹھپہ نشان پیشتر سے ڈالا جاتا ہے۔ کہ جسکو بعد نیلام و حصول اجازت نامہ مشتری قطع کرنے کا مستحق ہے۔ علاوہ اسکے دوسرے درختان کو قطع کرنا جرم میں داخل ہے

۲ ۔ جن درختان کا پٹواریان تخمینہ تیار کرکے روانہ کرتے ہیں اون پر بوقت داخلہ ہائی نشان اندازی کیجاتی ہے۔ اجازت نامہ دفتر جنگلات سے جاری کیا جاتا ہے۔

نوٹ ۔ آئندہ دفتر سے چار نقل ہر اجازت نامہ کی جاری کیجائیں ایک دفتر ہذا میں رہے دوسری مشتری کو اور دو نقل فارسٹر کو روانہ کیجائیں جن میں سے بوقت داخلہ ہائی ایک نقل پٹواری متعلقہ کو دیدیجائے اور اوس کے دستخط سے بعد تصدیق سے احکام جاری ہوں۔ جملہ تحصیلدار صاحبان کو اطلاع دیجائے اور ایک نقل برائے شمول فائل دفتر جنگلات کو بھیجی جائے۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

جملہ فارسٹران کو دفتر سے اطلاع دیجائے۔

دستخط فارسٹ آفیسر جنگلات

نقشہ اجناس ریاست رامپور بابت ہفتہ چہارم ماہ مئی ۱۹۳۲ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۱۳؍ر ۱۴؍ر	۱۴؍ر	۱۳؍ر	۱۴؍ر	۱۵؍ر	۱۳؍ر ۱۴؍ر	
نخود خالص	۱۶؍ر	۱۶؍ر	۱۶؍ر	۱۸؍ر	۱۶؍ر	۱۵؍ر	
نخود گندم آمیز	۱۷؍ر	۱۷؍ر	۱۸؍ر	۱۹؍ر	۱۷؍ر	۱۶؍ر	
[illegible]	۱۸؍ر	۲۰؍ر	۱۹؍ر	۱۹؍ر	۲۰؍ر	۱۷، ۱۷ ۱۸؍ر	
ماش	۱۴؍ر	۱۴؍ر	۱۲؍ر	۱۳؍ر	۱۳؍ر	۱۳؍ر	
مونگ	۱۳؍ر	۱۲؍ر	۰	۰	۱۲؍ر	۱۲؍ر	
مٹّا	۱۸؍ر	۰	۰	۰	۲۰؍ر	۰	
جئی	۲۱؍ر	۰	۲۲؍ر	۰	۲۵؍ر	۲۲؍ر ۲۳؍ر	
گوجئی	۱۶؍ر	۰	۰	۰	۲۰؍ر	۱۸؍ر ۱۹؍ر	
مسور	۱۲؍ر	۱۵؍ر	۱۶؍ر	۱۷؍ر	۱۶؍ر	۱۶؍ر	
ارہر	۱۳؍ر	۱۴؍ر	۱۲؍ر	۱۵؍ر	۱۶؍ر	۱۶؍ر	
برنج	۹؍ر ۱۰؍ر	۹؍ر	۹؍ر	۱۱؍ر	۱۰؍ر	۱۱؍ر ۱۰؍ر	
روغن زرد	۱۳ چھٹانک	۳؍ر	۱۳ چھٹانک	۳؍ر	۱۳ چھٹانک	۳؍ر چھٹانک	
روغن سیاہ	۳؍ر	۲؍ر	۳؍ر	۳؍ر	۲؍ر	۳؍ر	
روغن کنجد	۲؍ر ۳؍ر	۳؍ر	۲؍ر	۲؍ر	۳؍ر	۳؍ر	
نمک سانبھر	۹؍ر	۹؍ر	۸؍ر	۹؍ر	۱۰؍ر	۹؍ر	
نمک لاہوری	۵؍ر	۸؍ر	۶؍ر	۷؍ر	۰	۸؍ر	
قند سیاہ	۹؍ر	۸؍ر	۹؍ر	۸؍ر	۸؍ر	۸؍ر	
باجرہ	۱۳؍ر	۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور